الدرس الثامن: (8)

# فعلِ ماضی کی اقسام

## 1 فعل لازم (The Intrransitive verb) :-

فاعل اور مفعل کی ضرورت کے اعتبار سے فِعل کی دو اقسام ہیں۔ ا فعل لازم فعل متعدی

ا۔ فعل لازم وہ فعل ہوتا ہے جس کو صرف فاعل کی ضرورت ہوتی ہے پوری بات ظاہر کرنے کیلئے مفعول کی ضرورت نہیں ہوتی اُسے فعلِ لازم کہتے ہیں۔ جیسے شَرُفَ زَیْدٌ (زید بزرگ ہوا) جیسے ذَھَبَ زَیْدٌ (زید چلا گیا) دَخَلَ الْاُسْتَاذُ (استاد داخل ہوا)

## 2 فعلِ مُتَعَدِّی (The Transitive verb) :-

وہ فعل جس کو فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہو تب پوری بات ظاہر کرے اُسے فعل مُتَعَدّی کہتے ہیں۔ جیسے شَرِبَ زَیْدٌ مَاءً (زید نے پانی پیا) یعنی ترجمہ کرتے وقت نے کا لفظ آئے تو متعدی ہے۔ اور قَتَلَ الْکَلْبُ الْقِطَّ (کتے نے بلی کو قتل کیا) ضَرَبَ زَیْدٌ خَالِدًا (زید نے خالد کو مارا)

**فاعل کی نسبت سے فعل کی دو اقسام ہیں۔ ا فعلِ معروف ۲ فعل مجہول**

## 3 فعلِ مَعْرُوف (The Active voice) :-

فعلِ معروف وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم ہو یعنی جس فعل کی نسبت اپنے فاعل کی طرف ہو اُسے فعلِ معروف کہتے ہیں، جیسے خَلَقَ اللّٰہُ الْاِنْسَانَ (اللہ نے انسان کو پیدا فرمایا) قَتَلَ الْکَلْبُ الْقِطَّ۔ (کتے نے بلی کو قتل کیا) ۔فَتَحَ عُثْمَانُ بَابًا (عثمان نے دروازہ کھولا)

## 4 فعل مجہول (The Passive voice) :-

وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو اور فعل کی نسبت مفعول کی طرف ہو اُسے فعلِ مجہول کہتے ہیں اور اس کے مفعول کو نائب فاعل کہتے ہیں، جیسے خُلِقَ الْاِنْسَانُ (انسان پیدا کیا گیا) قُتِلَ الْقِطُّ (بلی قتل کی گئی) فُتِحَ الْبَابُ

**فعل مَاضی مجہول بنانے کا طریقہ۔** فعل ماضی معروف سے ماضی مجہول بنتا ہے کہ ماضی معروف کے ف کلمہ کو ضمّہ یعنی پیش دیتے ہیں اور لام کلمہ کو کسرہ یعنی زیر دیتے ہیں۔ باقی اپنی حالت پر رہتے ہیں جیسے ضَرَبَ سے ضُرِبَ (وہ ایک مرد مارا گیا) بروزنِ فُعِلَ (وہ کیا گیا) فعلِ مجہول کی گردان اِس طرح ہوگی۔

ضُرِبَ ۔ضُرِبَا۔ضُرِبُوْا۔ضُرِبَتْ۔ضُرِبَتَا۔ضُرِبْنَ۔ضُرِبْتَ ۔ضُرِبْتُمَا ۔ضُرِبْتُمْ ۔ضُرِبْتِ ۔ضُرِبْتُمَا ۔ضُرِبْتُنَّ ۔ضُرِبْتُ ۔ضُرِبْنَا۔

## 5 فعلِ ماضی منفی :-

عام فعلِ ماضی معروف یا ماضی مجہول میں اگر فعل کی نفی نہ کی گئی ہو تو اُسے فعلِ ماضی مثبت کہتے ہیں جیسے

کَتَبَ زَیْدٌ رِسَلَةً (زید نے خط لکھا) ، فُتِحَ البَابُ (دروازہ کھولا گیا)۔ لیکن وہ فعل ماضی جس میں کسی کام کے کرنے کی نفی کی گئی ہو تو اُسے فعلِ ماضی منفی کہتے ہیں یہ فعل ماضی مَعروف اور ماضی مجہول کے شروع میں ''مائے نفی'' لگانے سے ماضی منفی کا صیغہ بن جاتا ہے۔ جیسے (معروف): مَا فَعَلَ (اُس ایک مرد نے نہیں کیا) ، مَا ضَرَبَ (اس ایک مرد نے نہیں مارا) (مجہول): مَا فُعِلَ (وہ ایک نہیں کیا گیا) ، مَا ضُرِبَ (وہ ایک نہیں مارا گیا) باقی تمام صیغوں کی گردان اسی طرح بنتی جائے گی اور اُس میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔

## 6 مَا اور لَا کا اِستعمال :-

مَا اور لَا یہ دو حرف فعل ماضی پر داخل ہو کر فعلِ منفی یعنی کام کی نفی کا معنیٰ پیدا کرتے ہیں دونوں میں فرق یہ ہے کہ مَا اکیلا آتا ہے اگر ایک کام کی نفی کرنی ہو جیسے اوپر کی مثالوں میں اِستعمال ہوا لیکن اگر دو کاموں کی نفی ہو تو لَا کو دونوں جگہ استعمال کرتے ہیں کیونکہ لَا کے واسطے تکرار یعنی مکرر آنا دو بار لازم ہے جیسے قرآنِ مجید میں ہے کہ:

لَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی (اس ایک مرد نے نہ تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی)، لَا کَتَبْتَ وَ لَا حَفِظْتَ (تم نے نہ لکھا اور نہ ہی یاد کیا)

## 7 فعل ماضی قریب (THE NEAR PAST OR THE PRESENT PERFECT):۔

وہ فعل جو قریب کے گزرے ہوئے زمانے میں کام کے ہونے پر دلالت کرے۔ یہ فعل ماضی معروف یا ماضی مجہول یا ماضی منفی کے شروع میں لفظِ قَدْ زیادہ کرنے سے فعل ماضی قریب بن جاتی ہے جیسے : قَدْ ضَرَبَ (اس نے تھوڑی دیر پہلے مارا) ، قَدْ ذَهَبَ (وہ ابھی گیا)،
قَدْ قُتِلَ (وہ تھوڑی دیر پہلے قتل ہوا) ، قَدْ مَا ضُرِبَ (وہ ابھی نہیں مارا گیا) گردان اُسی طرح ہوگی۔

## 8 فعل ماضی بعید (THE DISTANT PAST OR THE PAST PERFECT):۔

وہ فعل جو دور کے گزرے ہوئے زمانے پر دلالت کرے اور یہ ماضی مطلق سے پہلے شروع میں کَانَ لگانے سے بنتا ہے جیسے:
کَا نَ ضَرَبَ (اس ایک مرد نے مارا تھا) کَانُوا ضَرَبُوا.... اور جس طرح ماضی کی گردان ہوگی ساتھ ساتھ کَانَ کی گردان بھی کی جائے گی جو مندرجہ ذیل ہے۔

کَانَ ، کَانَا ، کَانُوا ، کَانَتْ ، کَانَتَا ، کُنَّ ، کُنْتَ ، کُنْتُمَا ، کُنْتُمْ ، کُنْتِ ، کُنْتُمَا ، کُنْتُنَّ ، کُنْتُ ، کُنَّا

---

## مشق نمبر1: ۔

مندرجہ ذیل صیغوں اور جملوں کا ترجمہ کریں : ضَرَبْتُمْ ۔ قَدْ فَعَلْتُنَّ ۔ قَدْ قُتِلَ ۔ نُصِرَتْ ۔
مَا فَعَلْنَا ۔ لَا ضَرَبْتَ وَلَا حَفِظْتَ۔ قَدْ ذَهَبْتُ ۔ قَدْ مَا ضَرَبُوْا ۔ قَدْ مَا نَصَرْتُنَّ ۔ کَا نَ عَلِمَ ۔ کُنْتُمْ فَعَلْتُمْ ۔ کَا نَتَا نَصَرَتَا ۔ کُنْتُمَا ذَهَبْتُمَا ۔

## مشق نمبر2:۔

مندرجہ ذیل اُردو الفاظ اور جملوں کی عربی بنائیں :
اُن سب مردوں نے مارا ۔ تُم سب عورتوں نے مدد کی ۔ وہ دو عورتیں تھوڑی دیر پہلے چلی گئی ۔ہم سب مردوں اور عوتوں نے ابھی نہیں جانا ۔ تم سب مردوں کو نہیں مارا گیا تھا ۔ اُن سب عورتوں کی حفاظت نہیں کی گئی۔ وہ دو مرد ابھی قتل ہوئے ۔ ہم سب نے ابھی روزہ کھولا ۔

## مشق نمبر3:۔

مندرجہ ذیل مَصَادر سے گردانیں بنائیں اور ترجمہ کریں :
شُرْبٌ (پینا) مصدر سے ماضی معروف شَرِبَ کی گردان۔ سُکُوْتٌ (خاموش رہنا) سے سَکَتَ ماضی معروف ہے اس سے ماضی قریب کی گردان۔
سُجُوْدٌ (سجدہ کرنا) مصدر سے ماضی منفی۔ سَمْعٌ (سننا) مصدر سے ماضی بعید کی گردان۔ لَبْسٌ (پہننا) سے ماضی معروف کی گردان۔
بُعْدٌ (دور ہونا) ماضی منفی قریب کی گردان بنائیں۔